ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی ستیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 05 جمادی الاول 1448 ہفتہ 17 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 186

قابل افسوس بات ہے — فضل الرحمان دہشتگردوں کے حمایتی ہیں — پنجاب کی وزیراعلیٰ کا بیان جاری

سیاست کریں مگر اداروں اور شہدا کی تضحیک نہ کریں، الٹا دہشت گردوں کو پناہ دی، پاکستان پر حملہ آور ہونے کے لیے وسائل، پناہ گاہیں اور اپنے صوبے کی زمین فراہم کی

نااہلی، نالائقی اور کرپشن سے خیبر پختونخوا کی بربادی کے ذمہ داروں کو کٹہرے میں کھڑا کرنے کے بجائے ان کی حمایت میں بات کرنا نہایت افسوس ناک ہے، عظمیٰ بخاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ خارجی دہشت گرد ہلاک

ہلاک دہشت گرد نے کوہاٹ پولیس لائنز حملے میں خودکش بارود بردار گاڑی کی خود رہنمائی کی تھی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

ایران امریکا کی جنگ میں عراق کے 60 ارب ڈالر ڈوب گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

شہید ملت لیاقت علی خان کی قربانیاں مشعل راہ ہیں، خالد مقبول

وہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے معتمد ساتھی اور تحریک پاکستان کے عظیم رہنما تھے، پیغام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار وزارت خارجہ میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کے سربراہی اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موجودہ مشترکہ دور حکومت نے پاکستان کی معدنیات امریکہ کے حوالے نہیں کیں — خواجہ آصف قوم کو وضاحت

سیدھی انگلیوں سے گھی نکلے تو ٹھیک ہے ورنہ پھر انگلیاں ٹیڑھی کرنی پڑتی ہیں، دنیا کو پتا ہے پاکستان کے پاس بیش قیمتی معدنیات ہیں، کینیڈا، چین، آسٹریلیا، امریکا سب کو دلچسپی ہے،

دو ڈھائی سال قبل ایک سال کی حکومت میں مولانا فضل الرحمان ہمارے ساتھی تھے، اب ایک متحرک حکومت وہاں دہشتگردی کے خلاف کردار ادا کرے گی، وفاقی وزیر دفاع کی تنقید

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

بھارت نے افغانستان میں ٹھکانے قائم کر لئے — رانا ثناء

پاکستان تحریک انصاف مثبت کردار ادا کرے تو مذاکرات پر غور ہو سکتا ہے، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور کی گفتگو

سب جانتے ہیں کہ سابق وزیراعظم عمران خان کی بہنیں لانگ مارچ کے حوالے سے کیا گفتگو کرتی رہی تھیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے نئے سفیر ڈاکٹر راشح تمی الدواگمی ملاقات کر رہے ہیں

بھارتی دھمکیاں مسترد، جارحیت کا منہ توڑ جواب ملے گا — دفتر خارجہ

جموں و کشمیر کی حتمی حیثیت کا تعین سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق ہونا ہے، ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان

شہریوں اور بنیادی ڈھانچے پر حملے ناقابل قبول ہیں، ایسے حملے علاقائی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، ہفتہ وار بریفنگ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



اسلام آباد: تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر پارلیمنٹ ہاؤس میں قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کر رہے ہیں

گورنرشپ نہ ملنے پر ایک جماعت کے سربراہ ناراض ہو گئے — محسن نقوی

یہ وہی سیاستدان ہیں جو ماضی میں کئی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے، ان کا یہ حال تھا کہ اپنی سیاسی جماعت کے ہوائی ٹکٹ بھی اسٹیبلشمنٹ سے بنواتے تھے

ایسے سیاستدانوں کو آج دوسروں پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا، سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



اسلام آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی وزیراعظم پاکستان کے مشیر رانا ثناءاللہ سے ملاقات کر رہے ہیں

شاہین فورس کراچی پولیس کی فرنٹ لائن فورس ہے — آزاد خان

پولیس اہلکار شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کیلئے موثر کردار ادا کریں، ایڈیشنل آئی جی کراچی

شاہین فورس کی موثر کارکردگی کراچی پولیس کی مجموعی کارکردگی کی عکاس ہے، آزاد خان کا ایس ایس پی کیماڑی آفس کا دورہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



کراچی: گورنر سندھ نہال ہاشمی شہید ملت لیاقت علی خان کے مزار پر حاضری کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سسٹر سٹی شراکت داری سے روابط کو فروغ ملے گا — وزیراعلیٰ سندھ

وزیراعلیٰ سندھ کی ہواوے کو کراچی ایجوکیشن سٹی میں تحقیق و ترقی کی سہولیات اور ٹیکنالوجی لیبارٹری قائم کرنے کی دعوت

کراچی اور شنگھائی بڑے تجارتی اور بندرگاہی شہر ہیں اور باہمی تعاون سے دونوں شہروں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے، سید مراد علی شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

ہنڈی حوالہ کے کاروبار میں ملوث افراد کے گرد گھیرا تنگ

ہنڈی حوالہ کے خلاف کارروائی، 51 لاکھ 74 ہزار روپے برآمد، 2 ملزمان گرفتار کر لئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

ڈہرکی کے قریب ملت ایکسپریس کی بوگی پٹری سے اتر گئی، ٹرینوں کی آمد و رفت 3 گھنٹے متاثر رہی

ڈاکوؤں نے زیورات چھیننے کیلئے بچی پر پستول تان لی

جوہر آباد کی حدود میں دستگیر بلاک 15 میں واردات کی سی سی ٹی وی ویڈیو سامنے آ گئی

نارتھ کراچی میں قتل میاں بیوی سپرد خاک، بچے کینیڈا سے پہنچ گئے

ابتدائی تفتیش میں جائیداد کا تنازع یا ذاتی عناد قتل کی وجہ معلوم ہوتا ہے، شواہد نہیں ملے، پولیس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

پاکستان کے پہلے وزیراعظم شہید ملت لیاقت علی خان کی 75 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

روزگار اور انٹرن شپ کے مواقع بڑھانے کا فیصلہ

721 کمپنیاں رجسٹرڈ، 31 ہزار سے زائد ملازمتیں پیش کی جا چکی ہیں، شرجیل انعام میمن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34



اسلام آباد: سابق وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور کا زرداری ہاؤس میں بلاول بھٹو سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو



شنگھائی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی شنگھائی کے میئر ژوونگ منگ سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کو غذائی خود کفالت کی جانب گامزن کریں گے — گورنر سندھ

پاکستان میں بھوک اور غذائی قلت کا خاتمہ قومی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے تاکہ ہر فرد کو صحت مند زندگی گزارنے کے مساوی مواقع میسر آ سکیں

مہنگائی سے غذائی ضروریات پر فرق، غذائی تحفظ اور بھوک کے خاتمے کیلئے مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں، گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کا عالمی یوم خوراک پر پیغام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

ٹرالر اور ٹرین کی زد میں آ کر خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

ماڑی پور روڈ پر ٹرالر کی زد میں آ کر خاتون، ملیر ہالٹ کے قریب ٹرین کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

مختلف مقامات پر مقابلے، 5 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

شاہ لطیف ٹاؤن، تین ہٹی، درخشاں، لیاقت آباد اور پیری میں پولیس نے کارروائیاں کی

شہید ملت روڈ پر کار، رکشے اور موٹر سائیکل میں تصادم

کراچی کے مختلف علاقوں میں مختلف ٹریفک حادثات میں 3 افراد جاں بحق، 1 زخمی ہو گیا

ڈیفنس اور پورٹ قاسم کے علاقوں میں بھی حادثات، لاشیں جناح اسپتال منتقل کر دی گئیں

کراچی کے علاقے عزیز آباد میں فائرنگ، 45 سالہ شخص زخمی

شہری کے قتل کا ملزم پولیس مقابلے میں زخمی ہونے کے بعد ہلاک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

انمول عرف پنکی مزید 2 مقدمات میں بری، رہائی کا حکم

ڈرگ کیس کی ملزمہ کے خلاف پراسیکیوشن الزامات ثابت کرنے کیلئے شواہد پیش نہ کر سکی

اگر ملزمہ کسی دوسرے مقدمے میں نامزد نہیں تو اسے فوری رہا کر دیا جائے، عدالتی حکم جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42



باجوڑ: ریاض ایئرپورٹ پر خوارجیوں کے حملے میں شہید ہونے والے باجوڑ کے نوجوان رضوان اللہ کی نماز جنازہ میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہے







آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

پاکستان کا دوٹوک مؤقف

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا یہ واضح پیغام کہ افغان طالبان نے دہشت گروں کے خلاف کارروائی نہ کی تو انھیں بھی نتائج بھگتنا پڑیں گے، اس بنیادی حقیقت کی نشان دہی کرتا ہے کہ ہمسایہ ملک کی سرزمین سے پاکستان کے خلاف حملوں کا سلسلہ نہ تو معمول کی سفارتی گفتگو سے نظرانداز کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی محض یقین دہانیوں سے اس کا تدارک ممکن ہے۔ اب ضرورت ایسے عملی اقدامات کی ہے جن کے نتائج سرحد کے دونوں طرف امن کی صورت میں دکھائی دیں۔ پاکستان کا افغانستان کی طالبان حکومت سے مطالبہ اصولی ہے کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے۔ اس مطالبے کو کسی غیر معمولی رعایت یا دوسرے ملک کے داخلی معاملات میں مداخلت کے طور پر پیش نہیں کیا جاسکتا۔ ہر خودمختار ریاست کی بنیادی ذمے داری ہے کہ اس کی سرزمین کسی دوسرے ملک کے شہریوں پر حملوں، تخریب کاری یا مسلح کارروائیوں کے لیے استعمال نہ ہو۔ یہی اصول بین الاقوامی تعلقات میں ریاستی خودمختاری کے ساتھ ذمے داری کو بھی لازم قرار دیتا ہے۔ اگر افغانستان کی سرزمین پر موجود کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروہ پاکستانی علاقوں میں حملے کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں تو اس صورت حال کا خاتمہ افغانستان کے اقتدار پر قابض رجیم کی عملی معاونت کے بغیر دشوار ہوگا۔ ادھر پاکستان کو بھی اپنی سلامتی کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات، داخلی قانون اور بین الاقوامی ذمے داریوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے، جاری رکھنے کا حق حاصل ہے۔ سفارت کاری کی کامیابی کا پیمانہ ملاقاتوں کی تعداد، مشترکہ بیانات کی طوالت یا اجلاسوں کے بعد جاری ہونے والی خوش آئند عبارتیں نہیں، بلکہ زمینی صورت حال میں آنے والی تبدیلی ہے۔ پاکستان افغانستان کے ساتھ مذاکرات، دوروں اور سہ فریقی رابطوں کے ذریعے اس مسئلے کا حل تلاش کرتا رہا ہے۔ اگست 2025 میں کابل میں پاکستان، چین اور افغانستان کے درمیان ہونے والے سہ فریقی اجلاس کا ذکر بھی اسی سلسلے میں اہم ہے، تاہم اگر ایسے رابطوں کے باوجود سرحد پار حملوں کا خطرہ برقرار رہے تو اس کا مطلب ہے کہ سفارتی وعدوں کو مؤثر عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کی ضرورت ابھی پوری نہیں ہوئی۔ اس مرحلے پر افغان حکام کے لیے لازم ہے کہ وہ دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی، ان کی نقل و حرکت، اسلحے کی فراہمی، مالی معاونت اور سرحد پار کارروائیوں سے متعلق خدشات کو محض بیانات کے ذریعے مسترد کرنے کے بجائے قابل تصدیق اقدامات کریں۔ اعتماد اسی وقت بحال ہوگا جب پاکستان کو یہ اطمینان حاصل ہو کہ اس کے شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے عناصر کے لیے افغان سرزمین محفوظ پناہ گاہ نہیں رہی۔ یہاں ایک اہم حقیقت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا کہ دہشت گردی کا نقصان کسی ایک ریاست تک محدود نہیں رہتا۔

پی ٹی آئی کیلئے ایک اور موقع! تصادم کی سیاست سے واپسی کا وقت آ گیا



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان تحریک انصاف آج ایک ایسے سیاسی موڑ پر کھڑی ہے جہاں اس کے فیصلے نہ صرف جماعت کے مستقبل بلکہ خیبر پختونخوا کے سیاسی اور انتظامی حالات پر بھی گہرے اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ لانگ مارچ، مذاکرات کی ناکامی، احتجاجی سیاست اور ... [illegible]

... سیاسی مذاکرات کے معاملے میں بھی دونوں جانب اعتماد کا فقدان نمایاں دکھائی دیتا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے مطابق پی ٹی آئی کے ساتھ رابطوں کے دوران مختلف ... [illegible]

... اداروں کا احترام کرنے اور مسائل کا حل تلاش کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ پی ٹی آئی کے لیے یہ موقع اب بھی موجود ہے، لیکن اسے استعمال کرنے کے لیے جذباتی نعروں سے آگے بڑھ کر سیاسی تدبر کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ اگر جماعت نے مفاہمت اور آئینی جدوجہد کو ترجیح دی تو واپسی کا راستہ کھلا رہے گا، بصورت دیگر مسلسل محاذ آرائی اس کی سیاسی مشکلات میں مزید اضافہ کر سکتی ہے۔

ہم شکایت لگائیں گے! جنت سے آیا ایک خط



تحریر: سید فیصل احمد

ہم تو ابھی پڑھنے آئے تھے، ابھی ابھی تو ہم نے زندگی کے پہلے حرف بھی پوری طرح نہیں سیکھے تھے۔ ... [illegible]

... قم تو اسکول پڑھنے گئے تھے، واپس کیوں نہیں آئے؟

خطے کے امن کو آخر کب تک خطرہ رہے گا؟



تحریر: امجد قریشی
سینئر تجزیہ کار

مشرق وسطیٰ کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ جنگیں کبھی مسائل کا مستقل حل نہیں ہوتیں، بلکہ تباہی، نفرت اور عدم استحکام کو جنم دیتی ہیں۔ سعودی عرب یوکی ... [illegible]

... کے درمیان مفاہمت کی کوششوں میں کردار ادا کیا ہے۔ دسمبر 2023 میں یمنی فریقوں کی جانب سے جنگ بندی، شہریوں کے حالات بہتر بنانے اور سیاسی عمل دوبارہ شروع کرنے سے متعلق وعدوں نے امید پیدا کی تھی کہ شاید خطے میں امن ... [illegible]

... سعودی عرب نے یمن کے بحران کے حل کے لیے سفارتی رابطوں، جنگ بندی اور سیاسی مذاکرات کی حمایت کی ہے، جبکہ عمان اور اقوام متحدہ نے بھی فریقین ...

... نفرت کے بجائے محبت اور جنگ کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرتی ہیں۔ مشرق وسطیٰ کو بھی اب اسی راستے کی ضرورت ہے، کیونکہ حقیقی فتح کسی ملک کو نقصان پہنچانے میں نہیں بلکہ انسانوں کی جانیں بچانے اور آنے والی نسلوں کے لیے محفوظ مستقبل تعمیر کرنے میں ہے۔



وائس ٹیچرز ڈے" کے حوالے سے پاکستان کوئز سوسائٹی PQS رجسٹرڈ کی جانب سے منعقدہ "تقریب تکریم اساتذہ" ... [illegible] ... "روشن ستارے ایوارڈز" تقسیم کر رہے ہیں۔

ہمیں اپنے مظلوم بھائیوں کو ہر حال میں اپنی دعاؤں میں یاد رکھنا چاہیے۔ شبیر خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل پیس سیٹی کراچی کے صدر اور معروف سماجی رہنما شبیر خان کی جانب سے فلسطین اور کشمیر سمیت دنیا بھر کے شہید مظلوم مسلمانوں کے ایصال ثواب اور بلندی درجات کے لیے دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی رہنماؤں اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات سمیت علاقہ معززین اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ فلسطین اور کشمیر کے مسلمانوں پر ہونے والے مظالم پر پوری امت مسلمہ رنجیدہ اور غمزدہ ہے۔



کراچی پریس کلب میں کلائمیٹ ایکشن سینٹر کراچی کے تعاون سے منعقدہ سیمینار ... [illegible] ... کے بعد گروپ فوٹو

بڑھتی ہوئی معاشرتی بے حسی کا خاتمہ احساسِ انسانیت سے ممکن ہے، مفتی محمد فیض

ضرورت مندوں کا سہارا بننا اور معاشرتی ذمہ داریوں کو نبھانا دینی و اخلاقی تربیت کا بنیادی تقاضا ہے

بے حسی، خود غرضی اور دوسروں کے مسائل سے لاتعلقی ایک اہم سماجی مسئلہ بنتی جا رہی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت غوثیہ اہلسنت ... [illegible]

مسلم لیگ ن عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ جاوید حسین انصاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن ڈسٹرکٹ ویسٹ کے سینئر نائب صدر اور پی ایس 121 کے چیف آرگنائزر جاوید حسین انصاری نے وفاقی حکومت کی جانب سے عوام کو 500 روپے پیٹرول ریلیف فراہم کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عوام دوست فیصلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت ہمیشہ عوام کو ریلیف دینے کی پالیسی پر عمل پیرا رہی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں مہنگائی کے اس دور میں پیٹرول کی قیمتوں میں ریلیف دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کو عوام کے مسائل کا احساس ہے۔

بچوں کو معیاری تعلیم اور اخلاقی تربیت نہیں دی گئی تو ملک ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جائے گا۔ پیر شاہ صاحب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اورنگی ٹاؤن ... سوسائٹی کے چیئرمین پیر شاہ صاحب نے نوجوانوں سے تعلیم پر توجہ دینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ علم کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی۔ تعلیم نوجوانوں کی اصل طاقت ہے ... [illegible]

اکابرینِ اہلِ سنت کی تعلیمات اصلاحِ معاشرہ کا روشن راستہ ہیں، پیر ارشد کاظمی

نوجوان نسل کی دینی و اخلاقی تربیت اور خدمتِ انسانیت کے فروغ کے لیے علماء و مشائخ اپنا کردار ادا کریں

روحانی رہنمائی کے ساتھ معاشرتی اصلاح، اتحادِ امت اور خدمتِ انسانیت کا بھی مؤثر ذریعہ ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اہل سنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ فکر رضا، عشق رسول ﷺ، اکابرین اہل سنت کی تعلیمات اور اولیائے کرام کا پیغام مسلمانوں کی دینی و روحانی رہنمائی کے ساتھ معاشرتی اصلاح، اتحاد امت اور خدمت انسانیت کا بھی مؤثر ذریعہ ہے۔ آج معاشرے کو درپیش اخلاقی، سماجی اور فکری چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم تعلیمات قرآن و سنت، سیرت طیبہ ﷺ اور اکابرین ملت کے روشن اصولوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ نظام مصطفیٰ ﷺ کا حقیقی تصور عدل و انصاف، دیانت، امانت، مساوات، حقوق العباد کی ادائیگی اور مظلوموں کی دادرسی سے عبارت ہے۔ ... پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا کہ ناموس رسالت ﷺ اور مقام مصطفیٰ ﷺ مسلمانوں کے ایمان و عقیدت کا بنیادی حصہ ہیں۔ اس مقدس نسبت کا تقاضا ہے کہ محبت رسول ﷺ کو اپنے کردار، معاملات، اخلاق اور عملی زندگی میں نمایاں کیا جائے۔ ... [illegible]

پیپلز پارٹی شہیدوں کی جماعت ہے اور اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرتی۔ علی افسر تنولی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما علی افسر تنولی نے 18 اکتوبر کے شہید کارکنان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کی تاریخ میں 18 اکتوبر کے شہیدوں کی قربانی سنہرے حرفوں میں درج ہے۔ پیپلز پارٹی شہیدوں کی جماعت ہے اور اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرتی۔ 18 اکتوبر کے شہداء نے جمہوریت کی بقا کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے تاریخی رقم کی ہے۔

حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی۔ مفتی محمد علی جہانگیری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک لبیک پاکستان ضلع غربی کے نائب امیر مفتی محمد علی جہانگیری نے کہا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا جن بے قابو ہو گیا، عوام کی چیخیں نکل گئیں اور اب اتنا خرید نا غائب عوام کی قوت خرید سے باہر ہو گیا ... [illegible] ... مہنگائی کا نیا طوفان آگیا ہے۔

پشاور اسکول سانحے سے سبق سیکھا جائے، غیر قانونی تعمیرات روکی جائیں، موتی والا

پشاور اسکول حادثے کے بعد غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کی جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین اور بانی عام آدمی پاکستان ایاز میمن موتی والا نے پشاور میں اسکول کی عمارت گرنے کے دلخراش واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ناقص تعمیراتی میٹریل، غیر قانونی تعمیرات اور متعلقہ اداروں کی غفلت معصوم انسانی جانوں کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے۔ ... [illegible]



کمال لیاقت کیساتھ سماجی رہنما اعظم بھارتی کا لیاقت علی خان کی 75 ویں یوم شہادت پر نیشنل میوزیم میں تصویری نمائش کے موقع پر گروپ فوٹو

تلاوت کے ساتھ ساتھ معنی و پیغام کو سمجھنا لازم ہے، طارق مدنی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان امن کونسل کے سربراہ والمدنی اسلامک اکیڈمی کے سرپرست اعلیٰ طارق محمود مدنی نے کہا ہے کہ عام مسلمان قرآن مجید کی تلاوت کے ساتھ ساتھ ترجمہ بھی سمجھ کر پڑھے ... [illegible]

پاک فوج کے خلاف پروپیگنڈا ہرگز قبول نہیں، جمیل ضیا

پاک فوج ہمارا فخر، اس کے خلاف ہرزہ سرائی پر خاموش نہیں رہ سکتے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما چیئرمین اورنگی ٹاؤن حاجی جمیل ضیا نے کہا ہے کہ ہمارا فخر اور ملکی سلامتی کی مضبوط ضمانت ہے۔ سیاسی اختلافات برداشت کیے جاسکتے ہیں لیکن افواج پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور بے بنیاد الزامات ناقابل قبول ہیں۔ ... [illegible]

مسلم لیگ (ن) ملک کو بحرانوں سے نکالے گی، حاجی شرافت اکاخیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کراچی اوڈیژن کے سینئر نائب صدر حاجی شرافت اکاخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا اور ان کے بقول صوبائی حکومت امن و امان برقرار رکھنے میں ناکام رہی، جس کے باعث ایمرجنسی نافذ کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ حاجی شرافت اکاخیل کا کہنا تھا کہ گورنر راج کے ذریعے خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

اورنگی ٹاؤن کے عوام کو پانی جیسی بنیادی سہولیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ... [illegible]

مسائل حل کرنے کیلئے ہمیں صلوٰۃ اور اخوت کے میدان میں آنا ہوگا، مفتی محمد نعیم راشد

محمد ﷺ کے فرامین پر عمل پیرا ہو کر ہم کامیابی کی دہلیز پر قدم رکھنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ... [illegible]

افتخار الزمان پی سی بی کلب کرکٹ: پاک کورنگی نے فائنل میں جگہ بنالی

سیمی فائنل میں کورنگی فرینڈز کو شکست، ہارون رفیق کا آل راؤنڈ کھیل، مرد میدان قرار دیے گئے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاک کورنگی نے ہارون رفیق کی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت کورنگی فرینڈز کو شکست دے کر افتخار الزمان پی سی بی کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ ... [illegible]



سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد سمیع ... [illegible]



... [illegible] ... کی جانب سے شرکاء میں ... تقسیم کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 01

کے مختلف علاقوں، ٹوسیو گوٹھ، عثمان شاہ گوٹھ اور بہادر خان چانڈیو گوٹھ کا دورہ بھی کیا۔ اس موقع پر راجہ ولایت اور علی گدی صاحب نے عثمان رشید اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد کا استقبال کیا۔ ملاقاتوں کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی مسائل، عوامی رابطوں اور جماعتی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع حیدرآباد دیہی کے صدر عثمان رشید کے ہمراہ وفد میں عبدالعلیم ملکانی، جنرل سیکریٹری ضلع حیدرآباد دیہی، عبدالعزیز چانڈیو، صدر پاکستان مرکزی مسلم لیگ ٹنڈو جام سٹی، محمد طاہر انصاری، صدر تعلقات عامہ ضلع حیدرآباد دیہی، امیر حمزہ چانڈیو، صدر مسلم یوتھ لیگ، اقبال گجر، جنرل سیکریٹری ضلع حیدرآباد، اور قاسم طیب شامل تھے۔ وفد کے دورے کا مقصد مقامی جماعتی ذمہ داران اور سیاسی و سماجی شخصیات سے رابطوں کو فروغ دینا اور علاقائی سطح پر باہمی تعاون کو مضبوط بنانا تھا۔ اس موقع پر مقامی شخصیات سے ملاقاتوں کے ذریعے عوامی مسائل اور جماعتی امور پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 02

مطابق پورماتھیلو، ڈہرکی، اوباڑہ سمیت گھوٹکی ضلع کے چھوٹے اور بڑے شہروں میں سود خوروں نے سینکڑوں گھر ویران کر دیے ہیں، جس کے باعث کئی افراد کنگال ہونے کے بعد اپنے آبائی گھر چھوڑ کر مختلف شہروں کی جانب روانہ ہو گئے ہیں لیکن تاحال گھوٹکی ضلع کی پولیس کی جانب سے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز بھی اوباڑہ کے گاؤں شش کچہری کے رہائشی الھورایو گرگیج اپنے معصوم بچوں کے ساتھ مختلف چوکوں چوراہوں پر کھڑے ہو کر آوازیں لگا رہا کہ سود خوروں نے زندگی زہر بنا دی ہے، پیسے دینے کے باوجود چالیس فیصد مزید سود کا مطالبہ کر رہے ہیں جو دینے کی طاقت نہیں ہے، لہٰذا میرے بچے لے لو اور سود خوروں سے میری جان چھڑا دو جنہوں نے مجھے خودکشی کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ اس نے ایس ایس پی اور سیشن جج گھوٹکی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب اس انوکھے احتجاج کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے باوجود خبر فائل ہونے تک ایس ایس پی کی جانب سے کوئی نوٹس نہیں لیا گیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 03

منعقد ہونے والے چار روزہ پروگرام کے دوسرے روز مزار قائد کے آڈیو ویژول ہال میں پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل (رجسٹرڈ) کے اشتراک سے بین الکلیاتی و بین الجامعاتی لیاقت علی خان کوئز مقابلے کا مورخہ 14 اکتوبر 2026 بروز بدھ کو انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد تھے۔ کوئز مقابلے کے آغاز پر اپنے ابتدائی کلمات میں ریذیڈنٹ انجینئر، قائداعظم مزار مینجمنٹ بورڈ، عبدالعلیم شیخ نے کہا کہ قائد ملت شہید لیاقت علی خان نے اپنی زندگی قوم اور پاکستان کے لیے وقف کر دی تھی۔ انہیں جتنا خراج عقیدت پیش کیا جائے، کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیاقت علی خان کی شہادت نے نوزائیدہ مملکت پاکستان کو ایسے مدبر اور مخلص رہنما سے محروم کر دیا جس کی ضرورت آج بھی شدت سے محسوس کی جاتی ہے۔ عبدالعلیم شیخ نے مزید کہا کہ بین الکلیاتی و بین الجامعاتی کوئز مقابلہ محض ایک علمی سرگرمی نہیں، بلکہ ہماری تاریخ، قومی شناخت اور عظیم رہنماؤں کی خدمات سے نئی نسل کو روشناس کرانے کا ایک مؤثر ذریعہ بھی ہے۔ اس موقع پر قائداعظم اکادمی کے ریسرچ آفیسر زاہد حسین ابڑو نے پروگرام کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس سرگرمی کا بنیادی مقصد نئی نسل بالخصوص طلبہ و طالبات کو قائد ملت لیاقت علی خان کی شخصیت، قومی خدمات اور عظیم قربانیوں سے آگاہ کرنا ہے تاکہ نوجوان نسل اپنے قومی رہنماؤں کی جدوجہد اور قیام پاکستان کے لیے ان کی خدمات سے واقف ہو سکے۔ کوئز مقابلے میں محمد عارف سومرو اور سائرہ سلطان نے کوئز ماسٹرز کے فرائض انجام دیے، جبکہ منصفین کے فرائض پروفیسر سید ایاز رضا ترمذی، سید واجد رضا اصفہانی اور محترمہ مہ جبین زاہد نے انجام دیے۔ مقابلے میں سیدہ رمشا فرحم اور ایمن فاطمہ پر مشتمل ٹیم نے پہلی پوزیشن حاصل کی، جبکہ لائبہ عبدالرشید اور شفق ناز کی ٹیم دوسری پوزیشن کی حق دار قرار پائی۔ تیسری پوزیشن ریحا اکبر نے حاصل کی۔ تقریب کے اختتام پر چیئرمین پاکستان کوئز سوسائٹی انٹرنیشنل جاوید رضا نے اظہار تشکر کرتے ہوئے معزز مہمانوں، منتظمین اور شرکائے مقابلہ کا دل سے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر قائداعظم اکادمی اور قائداعظم مزار مینجمنٹ بورڈ کی جانب سے معزز مہمانوں کو اجرک کے تحائف اور یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں۔ کوئز مقابلے میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والی طالبات کو بھی شیلڈز اور انعامات سے نوازا گیا، جبکہ مقابلے میں حصہ لینے والے تمام طلبہ و طالبات میں اسناد تقسیم کی گئیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

انیس شیخ، محفوظ النبی اور رانا اشفاق رسول خان و دیگر شامل تھے جبکہ معروف شاعر قمر الزماں صدیقی نے لیاقت علی خان کو منظوم خراج عقیدت پیش کیا۔ اسی طرح نظامت کے فرائض عاصم خان نے انجام دیے۔ تقریب کا آغاز عبدالماجد فاروقی نے تلاوت قرآن مجید سے کیا۔ انچارج قائداعظم اکادمی زاہد حسین ابڑو نے ابتدائی کلمات پیش کرتے ہوئے لیاقت علی خان کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ 1946 کے انتخابات میں مسلم لیگ کی تاریخی کامیابی کے پیچھے لیاقت علی خان کی تنظیمی محنت اور قائداعظم کی قیادت کا ہی کرشمہ تھا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ لیاقت علی خان ہر مشکل وقت میں قائداعظم کے ساتھ ڈٹے رہے، ہر سازش کا مقابلہ کیا اور تحریک پاکستان کو منزل تک پہنچانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کا یہی کہنا تھا کہ قائداعظم اکادمی کی لائبریری میں پاکستان، تحریک آزادی، بانی پاکستان اور ان کے رفقا سے متعلق قیمتی کتابوں اور تاریخی دستاویزات کا ایک اہم ذخیرہ موجود ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 05

ایپارٹمنٹ کے افسران اور متعلقہ عملے نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران ہٹائے جانے والے سامان کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق اسٹور میں منتقل کیا جائے جبکہ متعلقہ افراد کو قواعد و ضوابط کے تحت چالان جاری کیے جائیں۔ چالان کی ادائیگی اور ضروری قانونی و دفتری کارروائی مکمل ہونے کے بعد سامان کی واپسی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تجاوزات کے خاتمے کے لیے جاری آپریشن میں کسی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور کارروائیاں روزانہ کی بنیادوں پر جاری رکھتے ہوئے تجاوزات کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے۔ اس سلسلے میں عوامی گزرگاہوں، سڑکوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی کو تجاوزات سے پاک کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت فراہم کی جا سکے اور شہر میں نظم و ضبط کو بہتر بنایا جا سکے۔ اجلاس میں اسٹور کے عملے کو کارکردگی پر کڑی نظر رکھنے کی بھی ہدایت کی گئی تاکہ ضبط شدہ سامان کی وصولی، اندراج، حفاظت اور واپسی کے تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل ہوں۔



پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی صدر عثمان رشید کا ٹنڈو جام کا دورہ

انہوں نے جماعتی ذمہ داران اور مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے ملاقاتیں کیں

علاقائی مسائل، عوامی رابطوں اور جماعتی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

ٹنڈو جام (نامہ نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی صدر عثمان رشید کا ٹنڈو جام کا دورہ، جماعتی ذمہ داران اور سیاسی و سماجی شخصیات سے ملاقاتیں ٹنڈو جام پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع حیدرآباد دیہی کے صدر عثمان رشید نے ٹنڈو جام کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جماعتی ذمہ داران اور مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ دورے کے دوران انہوں نے ٹنڈو جام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

ناأہل حکمرانوں کی پالیسیوں نے نوجوانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کر دیا

حلیم عادل شیخ

ڈاکٹرز، انجینئرز اور آئی ٹی ماہرین کی بیرونِ ملک منتقلی حکومتی ناکامیوں کا ثبوت ہے، اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں کی ہجرت ملکی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے

2024 سے 2026 تک 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد نوجوان روزگار کے لیے بیرونِ ملک جا چکے ہیں، صدر پاکستان تحریک انصاف سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ نااہل حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں نے نوجوانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کر دیا ہے۔ 2024 سے 2026 تک 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد نوجوان روزگار کے لیے بیرونِ ملک جا چکے ہیں، جو ملک میں روزگار کے مواقع کی کمی اور حکومتی پالیسیوں کی ناکامی پر سوالیہ نشان ہے۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ گزشتہ تین سالوں میں حکمران نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے کوئی جامع پالیسی متعارف نہیں کرا سکے۔ نوجوانوں کو ڈگریاں تو مل رہی ہیں، لیکن انہیں اپنی قابلیت کے مطابق روزگار نہیں مل رہا، جس کے باعث اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان بیرونِ ملک اپنا مستقبل تلاش کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز، انجینئرز اور آئی ٹی ماہرین سمیت ملک کا قیمتی انسانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



پاکستان شطرنجی کلب کے زیرِ اہتمام چوتھی کلیئری چیمپئن شپ اور تیسری اچیومنٹ ایوارڈ کی تقریب کے موقع پر شیف کھانا بنا رہے ہیں

شہیدِ ملت لیاقت علی خان کی 75 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے پہلے وزیراعظم اور تحریک پاکستان کے اہم رہنما شہیدِ ملت نوابزادہ لیاقت علی خان کی 75 ویں برسی جمعہ کو ملک بھر میں عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ اس موقع پر ان کی قومی خدمات، جدوجہد آزادی اور قیامِ پاکستان کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو یاد کیا گیا۔

گھوٹکی میں سود خوروں سے تنگ مزدور کا انوکھا احتجاج

سود خوروں نے زندگی اجیرن کر دی، 40 فیصد مزید سود کا مطالبہ، مزدور کی دہائی

گھوٹکی میں سود خوری کا مبینہ کاروبار، متاثرہ مزدور کا ایس ایس پی اور سیشن جج سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گھوٹکی (بیورو رپورٹ) گھوٹکی ضلع میں سود خوروں نے سینکڑوں گھر ویران کر دیے، گاؤں الصوایو گرگیج سے تعلق رکھنے والے مزدور امداد گرگیج نے سود خوروں سے تنگ آ کر اپنے بچے فروخت کرنے کے لیے بازاروں میں آوازیں لگا کر انوکھا احتجاج ریکارڈ کرایا، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے باوجود ایس ایس پی گھوٹکی نے کوئی نوٹس نہ لیا۔ تفصیل کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

لکھنؤ سے کراچی تک محبتوں کا سفر، گمشدہ ناول "نجم السحر" کی یادگار واپسی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف اردو ادیب مرحوم نسیم انہونوی کے ناول "نجم السحر" کی نئی اشاعت کی تقریب رونمائی آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی جوش ملیح آبادی لائبریری میں منعقد ہوئی، جس میں ممتاز ادبی، سماجی اور ثقافتی شخصیات، اہلِ قلم اور مختلف علمی و ادبی خاندانوں کے افراد نے شرکت کی۔

بین الکلیاتی و بین الجامعاتی لیاقت علی خان کوئز مقابلے کا انعقاد

قائدِ ملت لیاقت علی خان شہید کو جتنا خراجِ عقیدت پیش کیا جائے، کم ہے: عبدالعلیم شیخ

تقریب کے مہمانِ خصوصی پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد تھے

کراچی (رپورٹ: ہما مس رابیہ) زاہد حسین ایاز کو کہنا تھا کہ نئی نسل، بالخصوص طلبہ و طالبات کو قائدِ ملت کی شخصیت، خدمات اور قربانیوں سے روشناس کرانا پروگرام کا بنیادی مقصد ہے۔ قائد اعظم اکادمی، قائد اعظم مزار مینجمنٹ بورڈ، قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن، حکومتِ پاکستان، کراچی کے زیرِ اہتمام قائدِ ملت شہید لیاقت علی خان کے 75 ویں یومِ شہادت کے سلسلے میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

یلو لائن منصوبہ صنعت کاروں کیلئے ماڈل سروے کرانے کا فیصلہ

حکومت سندھ صنعتی علاقوں کی ترقی اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، کورنگی روڈ شہر کے بڑے صنعتی علاقے کی آمد و رفت کا اہم راستہ ہے

سنگر چورنگی سے مرتضیٰ چورنگی تک دو کلومیٹر سڑک کا جائزہ لیا جائے گا، متبادل راستوں کی منصوبہ بندی تعمیراتی کام سے قبل ہوگی، کمشنر کراچی سید حسن نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیرِ صدارت کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دفتر میں اجلاس ہوا، جس میں یلو لائن بس ریپڈ ٹرانزٹ (بی آر ٹی) منصوبے پر عمل درآمد کے اقدامات اور صنعتی علاقوں کی ضروریات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صنعت کاروں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سنگر چورنگی سے مرتضیٰ چورنگی تک دو کلومیٹر سڑک کا ماڈل سروے کیا جائے گا۔ کمشنر کراچی نے کہا کہ حکومت سندھ صنعتی علاقوں کی ترقی اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ کورنگی روڈ شہر کے بڑے صنعتی علاقے کی آمد و رفت کا اہم راستہ ہے، جبکہ یلو لائن منصوبہ سے کورنگی اور لانڈھی کے صنعتی علاقوں کو آمد و رفت اور نقل و حمل کی بہتر سہولتیں میسر آئیں گی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



سرکاری جامعات میں پنشن کے واجبات ایک بڑا مسئلہ بن چکے ہیں

چیف سیکرٹری سندھ

نجی جامعات زیادہ تنخواہیں دے کر اچھے اساتذہ بھرتی کر رہی ہیں، ماہر فیکلٹی کو برقرار رکھنا مشکل ہو گیا، وائس چانسلرز

مالی بوجھ کم کرنے کیلئے غیر ضروری بھرتیوں کی حوصلہ شکنی کی جائے، جامعات کو رواں مالی سال 44 ارب 46 کروڑ روپے کی گرانٹ فراہم کی جا رہی ہے: سید آصف حیدر شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کہا ہے کہ سرکاری جامعات میں پنشن کے واجبات ایک بڑا مسئلہ بن چکے ہیں، اس لیے مالی بوجھ کم کرنے کے لیے غیر ضروری بھرتیوں، خصوصاً غیر تدریسی عملے کی بھرتیوں کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ رواں مالی سال صوبے کی سرکاری جامعات کو 44 ارب 46 کروڑ روپے کی گرانٹ فراہم کی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے کی 32 سرکاری جامعات کے وائس چانسلرز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں جامعات کی مالی و انتظامی صورتحال، تعلیمی معیار، تحقیق، بنیادی ڈھانچے، ترقیاتی منصوبوں اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کا جائزہ لیا گیا۔ آصف حیدر شاہ نے کہا کہ حکومت جامعات کو درپیش مسائل سے آگاہ ہے اور ان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

صدر ٹاؤن میں تجاوزات کے خاتمے کیلئے اہم اجلاس

ہٹائے جانے والے سامان کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق اسٹور میں منتقل کیا جائے

متعلقہ افراد کو قواعد و ضوابط کے تحت چالان جاری کیے جائیں: ذیشان صالح

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدر ٹاؤن میں تجاوزات کے خاتمے، سرکاری اراضی اور عوامی مقامات کو تجاوزات سے پاک کرنے کے حوالے سے چیئرمین کی صدارت میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کو مزید مؤثر بنانے اور بنگالی پاڑہ سمیت دیگر علاقوں میں کارروائیاں جاری رکھنے کے حوالے سے اہم ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس میں میونسپل کمشنر صدر ٹاؤن ذیشان صالح، چیئرمین لینڈ کمیٹی عبدالرحمن آفریدی، ڈائریکٹر انکروچمنٹ علی مہر، لینڈ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

لائنز ایریا پارکنگ پلازہ کو مؤثر منصوبہ بندی سے مفید بنایا جا سکتا ہے

ڈی جی KDA

پلازہ فعال ہونے سے روزگار کے مواقع بڑھانے کے علاوہ گاڑیوں کی پارکنگ بہتر بنانے اور علاقے میں ٹریفک کے دباؤ میں کمی لانے میں بھی مدد مل سکتی ہے

159 سے زائد دکانوں اور 120 سے زائد دفاتر سے آمدن کے امکانات کا جائزہ، تجاویز منظوری کے لیے متعلقہ بورڈ میں پیش کی جائیں گی، ڈی جی کے ڈی اے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی زین العابدین انصاری نے لائنز ایریا کے غیر فعال پارکنگ پلازہ کو فعال بنانے اور اس سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

قائداعظم اکادمی و قائد ملت میموریل کمیٹی کے اشتراک سے سیمینار

لیاقت علی خان کو قائداعظم کا مکمل اعتماد حاصل تھا، ڈاکٹر رضا کاظمی، محفوظ النبی

لیاقت نہرو معاہدہ لیاقت علی خان کی سیاسی بصیرت کی روشن مثال ہے، انیس شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قائداعظم اکادمی قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن حکومت پاکستان کراچی کے زیرِ اہتمام قائد ملت لیاقت علی خان کے 75 ویں یوم شہادت کے حوالے سے منعقد ہونے والے چار روزہ پروگرام کے سلسلے کا تیسرا پروگرام قائد ملت لیاقت علی خان میموریل کمیٹی کے اشتراک سے قائداعظم اکادمی کے جناح ہال میں ایک سیمینار بعنوان لیاقت علی خان، جدوجہد، بحران اور قربانی کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر محمد رضا کاظمی نے کی جبکہ مقررین میں محمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



صدر ٹاؤن میں تجاوزات کے خاتمے، سرکاری اراضی اور عوامی مقامات کو تجاوزات سے پاک کرنے کے حوالے سے چیئرمین کی صدارت میں ایک اہم اجلاس ہو رہا ہے

اشرف سومرو کے مبینہ جعلی پولیس مقابلے کی شدید مذمت

محمد ابراہیم سومرو، سرپرست اعلیٰ انجینئر رحیم بخش سومرو اور دیگر عہدیداران کا واقعے پر اظہارِ تشویش

چیئرمین محمد ابراہیم سومرو ایڈووکیٹ کا وزیر اعلیٰ سندھ اور وزیر داخلہ سندھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید سومرو اتحاد آرگنائزیشن پاکستان کے چیئرمین ایڈووکیٹ محمد ابراہیم سومرو، سرپرست اعلیٰ انجینئر رحیم بخش سومرو اور تنظیم کے دیگر عہدیداران نے اشرف علی سومرو کے مبینہ جعلی پولیس مقابلے میں جاں بحق ہونے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اعلیٰ سطح پر غیر جانبدارانہ عدالتی تحقیقات کرانے اور واقعے میں ملوث پائے جانے والے ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ تنظیم کے چیئرمین ایڈووکیٹ محمد ابراہیم سومرو نے کہا کہ کسی بھی شہری کی جان و مال کا تحفظ ریاست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اگر کسی پولیس مقابلے کی قانونی حیثیت پر سوالات اٹھائے جائیں تو ضروری ہے کہ معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، تاکہ حقائق سامنے آ سکیں اور انصاف کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



کراچی، قائداعظم اکادمی و قائد ملت میموریل کمیٹی کے اشتراک سے منعقدہ سیمینار کے شرکا کا گروپ فوٹو

بین الاقوامی تسلیم شدہ ٹیسٹنگ لیبارٹریز کا قیام ضروری ہے

میاں زاہد حسین

پاکستانی برآمدات میں 11.13 فیصد اضافہ، حجم 8.445 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، سیکٹر بیسڈ حکومتی اقدامات ناگزیر ہیں

حکومت ہر شعبے کے مسائل کے مطابق اقدامات کرے تاکہ مجموعی بہتری کو مختلف سیکٹرز کی پائیدار برآمدی ترقی میں تبدیل کیا جا سکے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی: پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی جاری کردہ ستمبر 2026 کی برآمدی رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جولائی تا ستمبر برآمدات میں 11.13 فیصد اضافہ اور ان کا حجم 8.445 ارب ڈالر تک پہنچنا خوش آئند ہے، تاہم یہ اضافہ چند شعبوں تک محدود ہے جبکہ متعدد اہم شعبوں کی برآمدات میں مسلسل کمی آ رہی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ برآمدات میں بحالی کے ثمرات تمام شعبوں تک یکساں طور پر نہیں پہنچ رہے، اس لیے ضروری ہے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



ملت کالونی اورنگی برساتی نالہ کے تعمیراتی کام کے معائنہ کے موقع پر ٹاؤن چیئرمین اورنگی جمیل ضیاء کا اہلیان محلہ کی جانب سے پرتپاک استقبال، سماجی و مذہبی رہنما سید محمد شفیع قادری اور وائس چیئرمین UC5 سہیل خان بھی ہمراہ تھے

صنعت کاروں کا جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس سے بھرپور تعاون کا عزم

سائٹ ایسوسی ایشن میں قائم سائٹ مانیٹرنگ سیل بھی مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی اور جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس سے تعاون کر رہا ہے

شاہین فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے اقدامات کا خیر مقدم، سائٹ مانیٹرنگ سیل بھی جرائم کی روک تھام میں معاون ہوگا، عبدالہادی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کے صدر عبدالہادی نے کہا ہے کہ صنعتی علاقوں میں امن و امان کا قیام صنعتوں کی ترقی، روزگار میں اضافے اور برآمدات کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے۔ سائٹ کے صنعتکار جرائم کی روک تھام اور صنعتی علاقے میں امن کی بہتری کے لیے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھیں گے۔ انہوں نے ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جی ساؤتھ اور ایس ایس پی کیماڑی کی جانب سے شاہین فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور اہلکاروں کو بلٹ پروف جیکٹس، جدید موٹر سائیکلیں اور جدید حفاظتی سامان فراہم کرنے کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ عبدالہادی نے کہا کہ صنعتی علاقوں میں جرائم پر قابو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

حیدرآباد: ٹاؤن نیرون کوٹ میں ترقیاتی کاموں کا آغاز

چیئرمین مظفر علی جتوئی کا عوامی مسائل حل کرنے اور متعلقہ علاقوں کو مثالی بنانے کے عزم کا اظہار



حیدرآباد (رپورٹ: غلام حسین) ٹاؤن نیرون کوٹ کے چیئرمین مظفر علی جتوئی نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقوں کی تعمیر و ترقی ان کی اولین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

10 ماہ پہلے کی گئی چار پیشگوئیوں میں سے تین پوری ہو گئیں

سٹاک بورڈ ہوچکا — فیصل واوڈا

پاکستانی برآمدات میں 11.13 فیصد اضافہ، حجم 8.445 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، سیکٹر بیسڈ حکومتی اقدامات ناگزیر ہیں

حکومت ہر شعبے کے مسائل کے مطابق اقدامات کرے تاکہ مجموعی بہتری کو مختلف سیکٹرز کی پائیدار برآمدی ترقی میں تبدیل کیا جا سکے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی: پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی جاری کردہ ستمبر 2026 کی برآمدی رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جولائی تا ستمبر برآمدات میں 11.13 فیصد اضافہ اور ان کا حجم 8.445 ارب ڈالر تک پہنچنا خوش آئند ہے، تاہم یہ اضافہ چند شعبوں تک محدود ہے جبکہ متعدد اہم شعبوں کی برآمدات میں مسلسل کمی آ رہی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ برآمدات میں بحالی کے ثمرات تمام شعبوں تک یکساں طور پر نہیں پہنچ رہے، اس لیے ضروری ہے کہ حکومت ہر شعبے کے مسائل کے مطابق اقدامات کرے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

قانون شکن عناصر سے کوئی رعایت نہیں ہوگی، ڈپٹی میئر کراچی

ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد کی اینٹی اسٹریٹ کرائم فورم کے عہدیداران کو اعزازی شیلڈ پیش



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے ضلع کورنگی میں اپنے دفتر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جرأت مندانہ آواز بلند کرنے پر اینٹی اسٹریٹ کرائم فورم کراچی کی خدمات کو زبردست الفاظ میں سراہتے ہوئے فورم کے عہدیداران کو اعزازی شیلڈ سے نوازا۔ اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی میئر کراچی نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

عوام کو بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ملک عارف اعوان

مومن آباد ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ، بجلی نگر روڈ کی کارپٹنگ جاری

یوسی 4 میں بجلی نگر روڈ کی بحالی، شہریوں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہونے لگا

کراچی (رپورٹ: سید سلیم اللہ) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن مومن آباد ٹاؤن کے چیئرمین ملک عارف اعوان نے کوآرڈینیٹر معراج شاہ کے ہمراہ یوسی 4 میں بجلی نگر روڈ پر جاری کارپٹنگ کے کام کا معائنہ کیا اور ترقیاتی کاموں کی رفتار کا جائزہ لیا۔ بجلی نگر روڈ کی خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ کے باعث علاقہ مکینوں کو طویل عرصے سے آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا تھا،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9



کراچی: پاکستان شطرنجی کلب کے زیرِ اہتمام چوتھی کلیئری چیمپئن شپ اور تیسری اچیومنٹ ایوارڈ کی تقریب کے موقع پر سی ای او شیف نورین اور دیگر کا گروپ فوٹو

ڈی ایچ اے صفہ یونیورسٹی میں انٹرنیشنل ریلیشنز ڈائیلاگ کا انعقاد

علاقائی امن کے قیام کے لیے علمی مکالمہ اور سفارتی تعاون ناگزیر ہیں، ایئر کموڈور زاہد الحسن

عالمی تنازعات کے پرامن حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری اہم ہیں، روسی قونصل جنرل



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی ایچ اے صفہ یونیورسٹی (DSU) میں بحریہ یونیورسٹی اور گرین وچ یونیورسٹی کے اشتراک سے انٹرنیشنل ریلیشنز ڈائیلاگ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

میرپور ماتھیلو میں بدامنی کی آگ پر قابو نہ پایا جا سکا

موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھینتے کے دوران نوجوان کاشف جانڈیو کو گولیاں مار کر زخمی کر دیا

ورثا کا قومی شاہراہ پر دھرنا، ایس ایس پی گھوٹکی اور ایس ایچ او میرپور ماتھیلو کے خلاف نعرے بازی

گھوٹکی (بیورو رپورٹ) میرپور ماتھیلو میں بدامنی کی آگ پر قابو نہ پایا جا سکا، گھوٹکر پھاٹک کے قریب موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھینتے کے دوران نوجوان کاشف جانڈیو کو گولیاں مار کر زخمی کر دیا، زخمی نوجوان اسپتال منتقل، ورثا کا ایس ایس پی گھوٹکی کے دفتر کے سامنے قومی شاہراہ پر دھرنا، ایس ایس پی گھوٹکی اور ایس ایچ او میرپور ماتھیلو کے خلاف نعرے بازی۔ تفصیل کے مطابق ایس ایچ او میرپور ماتھیلو کی نااہلی کے باعث گھوٹکی ضلع کے بیشتر علاقے میرپور ماتھیلو میں بدامنی کی آگ پر قابو نہ پایا جا سکا، جس کی وجہ سے چوریاں اور ڈکیتیاں روز کا معمول بن گئی ہیں، اس سلسلے میں دن دیہاڑے تین نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے گھوٹکر پھاٹک کے قریب گاؤں نورنگ خان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

بچے اللہ کی نعمت، ان کا تحفظ دینی و اخلاقی فریضہ ہے، مفتی اکرام اللہ واحدی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اتحاد المدارس الاسلامیہ کے ناظم امتحانات مفتی اکرام اللہ واحدی نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

موٹروے پر پیدل چلنے اور سڑک عبور کرنے والوں کے خلاف جرمانے عائد

موٹروے پولیس کے حادثات کی روک تھام کے لیے حفاظتی اقدامات، عوامی آگاہی مہم جاری

ایم فائیو سیکٹر نوگڈو کی کارروائیاں، شہریوں کو موٹروے پر پیدل چلنے سے گریز کی ہدایت

گھوٹکی (رپورٹ: ایاز لطیف وایو) چیف بابی وین اینڈ موٹروے پولیس کے آئی جی سلطان احمد چوہدری کی ہدایات پر ملک بھر میں مسافروں کے سفر کو محفوظ اور بہتر بنانے اور سڑک حادثات میں کمی لانے کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں موٹروے پولیس ایم فائیو (M-5) سیکٹر نوگڈو کی جانب سے موٹروے پر پیدل چلنے اور سڑک عبور کرنے والوں کے خلاف جرمانے عائد کیے جا رہے ہیں۔ حکام کے مطابق موٹروے پر گاڑیوں کے حادثات کے علاوہ پیدل سڑک عبور کرنے کے باعث بھی قیمتی انسانی جانیں ضائع ہونے کے واقعات پیش آتے ہیں۔ موٹروے پولیس گھوٹکی سیکشن کی جانب سے شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کے لیے مساجد میں اعلانات کرائے جا رہے ہیں، جبکہ مقامی آبادی کے افراد کو حفاظتی اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دینے کے ساتھ آگاہی پمفلٹس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

شیر شاہ مین لائن کی مرمت، گیس پریشر متاثر ہونے کا خدشہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی نے شیر شاہ کی 24 انچ قطر کی مین لائن کی مرمت کے لیے گیس کی فراہمی بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔

کراچی میں دن کے درجہ حرارت میں 1.6 ڈگری اضافہ ہوا، ماہرین ماحولیات

گرمی کی شدت کا انحصار صرف درجہ حرارت پر نہیں بلکہ فضا میں نمی کی مقدار پر بھی ہوتا ہے

70 فیصد نمی کی صورت میں گرمی کی محسوس ہونے والی شدت تقریباً 50 ڈگری تک پہنچ سکتی ہے، یاسر حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پریس کلب کی ماحولیاتی کمیٹی اور کلائمٹ ایکشن سینٹر کراچی کے اشتراک سے صحافیوں کے لیے شدید گرمی اور موسمیاتی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22



ریپ کا وفد چیئرمین محمد رضا کی قیادت میں ایرانی قونصل جنرل اکبر عیسیٰ زادہ کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

سوئی سدرن گیس کا شیر شاہ مین لائن پر مرمتی کام کیلئے شٹ ڈاؤن کا اعلان

بلدیہ، اورنگی ٹاؤن اور سائٹ صنعتی علاقے میں گیس کی کم پریشر کی شکایات کا خدشہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی نے 24 انچ قطر کی شیر شاہ مین گیس لائن پر ضروری مرمتی کام کے سلسلے میں ہفتہ 17 اکتوبر 2026 کی رات 10 بجے سے اتوار 18 اکتوبر کی صبح 9 بجے تک گیس کی فراہمی کے نظام کا شٹ ڈاؤن کرنے کا اعلان کیا ہے۔ سوئی سدرن گیس کے میڈیا الرٹ کے مطابق شٹ ڈاؤن کا دورانیہ کم کرنے کیلئے گیس نیٹ ورک کی بندش کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



کراچی: کریم آباد مینا بازار کے اطراف میں تجاوزات کو ہٹایا جا رہا ہے۔